ROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT,
KHYBER PAKHTUNKHWA

https://www.pakp.gov.pk 0919210489 Ext: 1267 https://www.facebook.com/pakpgov

## LIST OF ADMITTED CALL ATTENTION NOTICES (9th Session)

**Notice No.** 864

**Department:-** Home and Tribal Affairs

توجہ دلاؤنوٹس نمبر 864

منجانب:۔ جناب عبیدالرحمان صاحب اور فرح خان صاحبہ، اراکین صوبائی اسمبلی

ہم وزیر برائے محکمہ داخلہ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتے ہیں وہ یہ کہ صوبہ بھر اور بالخصوص نوجوان نسل میں آئس (Methamphetamine) اور دیگر مہلک منشیات کا استعمال تیزی سے پھیل رہا ہے، جس کے باعث نوجوان نسل تباہی کے دہانے پر پہنچ چکی ہے، جرائم میں اضافہ ہو رہا ہے، خاندان بکھر رہے ہیں اور امن وامان کی صورتحال بھی متاثر ہو رہی ہے۔ عوام میں یہ تاثر بھی پایا جاتا ہے کہ بعض اوقات منشیات فروشوں کے حق میں بااثر شخصیات کی سفارش یاد باؤ کے باعث قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارروائیاں متاثر ہوتی ہیں، جس سے اس مکروہ کاروبار کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے۔ کیا حکومت کے پاس صوبے میں آئس اور دیگر منشیات کے عادی افراد کی تعداد اور ان کے پھیلاؤ سے متعلق کوئی مستند اعداد و شمار موجود ہیں؟ حکومت نے آئس اور دیگر منشیات کے خاتمے، منشیات فروشوں کے خلاف مؤثر کارروائی اور متاثرہ افراد کی بحالی کے لیے اب تک کیا عملی اقدامات کیے ہیں؟ حکومت اس سنگین مسئلے کی روک تھام کے لیے مزید مؤثر قانون سازی کرنے پر کیا غور کر رہی ہے؟ جس میں منشیات فروشوں کے حق میں غیر قانونی سفارش یاد باؤ ڈالنے والے افراد کے خلاف بھی قانونی کارروائی اور سزا کی مناسب شقیں شامل کی جائیں تاکہ قانون کی بلا امتیاز عملداری یقینی بنائی جا سکے۔ حکومت اس اہم عوامی مسئلے پر ایوان کو آگاہ کرے۔